© rasailojaraid.com

# حضرت مولانا رشید الدین حمیدیؒ کی رحلت

خانوادۂ حضرت مدنی قدس سرہ کے بہت ہی نامور فرد اور بزرگ عالم دین اور مدرسہ شاہی مراد آباد کے مہتمم گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مولانا رحمہ اللہ حضرت مدنیؒ کے رشتہ میں داماد تھے۔ آپ بہت سی خوبیوں اور صفات میں حضرت مدنی رحمہ اللہ کے پرتو تھے۔ مولاناؒ کی جدائی تو پوری امت کیلئے بڑا سانحہ ہے لیکن خصوصاً عقیدت مندان حضرت مدنی رحمہ اللہ کیلئے بھی یہ ایک بڑا جانکا صدمہ ہے۔ مولانا مرحوم جب بھی پاکستان تشریف لاتے تو ضرور دارالعلوم حقانیہ کو اپنے قدوم سے مشرف فرماتے۔ دارالعلوم حقانیہ اور ادارہ الحق آپ کے سانحہ وفات پر آپ کے صاحبزادگان و عزیز و اقارب کیساتھ دلی تعزیت کرتا ہے۔ ذیل میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کا وہ تعزیتی مکتوب بھی شائع کیا جارہا ہے جو آپ نے اس موقع پر حضرت مولانا محمد اسعد مدنی، مولانا محمد ارشد مدنی اور حضرت کے صاحبزادگان و پسماندگان کے نام ارسال کیا تھا۔

---

گرامی مرتبت صاحبزادگان و متعلقین حضرت اقدس مولانا رشید الدین حمیدی قدس سرہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، کل جامعہ مدنیہ لاہور کے ماہوار رسالہ کی ورق گردانی کرتے ہوئے یکایک حضرت مولانا رشید الدین صاحب قدس سرہ کی وفات کا علم ہو کر سکتہ سا طاری ہو گیا، ابھی تک کسی نے ذکر ہی نہیں کیا تھا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون کل من علیھا فان۔ حضرت کی شفقت و محبت اور پھر انکی جامع الصفات شخصیت اور منبع خیر و برکت ہونے کی حیثیت سے یہ حادثہ حادثہ جانکاہ ہے مگر مرضی مولیٰ کے سامنے بجز صبر و شکر کے چارہ نہیں پاکستان جب بھی تشریف لائے حضرت والد ماجد (شیخ الحدیث مولانا عبدالحق قدس سرہ) کیساتھ گہرے تعلق کی وجہ سے اکوڑہ خٹک بھی تشریف لاتے۔ یہ تعلق طرفین کا آخر دم تک قائم رہا۔ خانوادۂ شیخ مدنی کیلئے یہ ایک بڑا سانحہ ہے ہم سب خدام اس صدمہ میں پورے خاندان متعلقین متوسلین دارالعلوم دیوبند اور مدرسہ شاہی مراد آباد کے ساتھ شریک تعزیت ہیں دارالعلوم میں رفع درجات کی دعائیں کی گئیں۔

والسلام

(مولانا) سمیع الحق

مہتمم دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، خادم جمعیت علماء اسلام پاکستان

---

© rasailojaraid.com